PHARMACIST FEDERATION

Registered under Societies Registration Act, XXI of 1960, Govt. of Pakistan

http://pharmarev.com/ and https://pharmacistfed.wordpress.com/

تاریخ: جون 11، 2017

نمبر: PF/17-31

حالیہ ادویاتی ترامیم پختون خواہ کے عوام اور مریضوں کو معیاری ادویاتی سہولیات کی فراہمی کیلئے اہم پیشرفت ہے۔ فارماسسٹ فیڈریشن (پاکستان)

فارماسسٹ فیڈریشن (پاکستان) نے پختون خواہ میں ہونے والی حالیہ ادویاتی ترامیم Ammendments in Drug Rule 1982 کو ملک اور قوم کیلئے خوش آئین قرار دیا ہے۔ اور اس فیصلے کو عوام الناس اور مریضوں کو معیاری ادویاتی سہولیات کی فراہمی کیلئے اہم پیش رفت کہا ہے۔ فیڈریشن کے مرکزی صدر جناب عبدالعلیم اور نائب صدر جناب پروفیسر ڈاکٹر طٰہٰ نذیر نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ یہ ترامیم موجودہ وقت اور حالات کا تقاضہ تھیں۔ جسکی گزشتہ 35 سالوں سے نشاندہی ہوتی چلی آرہی تھی۔ جو بین الاقوامی ادارہ صحت نے بھی مجموعی انداز میں تمام ترقی پذیر مما لک کیلئے تجویز کیں تھیں۔ ملکی ماہرین بھی انہیں معیاری ادویاتی سہولیات کیلئے ناگزیر قرار دیتے تھے۔ اور ادویات وصحت کی مقامی و بین الاقوامی تنظیمیں بشمول فیڈریشن آف انٹرنیشنل فارماسسٹ FIP، فارماسسٹ فیڈریشن (پاکستان)، فیڈریشن آف ایشین فارماسسٹ اسوسی ایشن FAPA اور پاکستان فارماسسٹ اسوسی ایشن PPA نے کئی دفعہ مختلف انداز میں بار بار مطالبہ کیا تھا۔ چنانچہ ڈرگ رولز میں ترمیم سے اب مریضوں کو صحیح ادویات، درست مقدار اور حقیقی طریق کار سے فراہم ہونگی۔ جعلی اور غیر معیاری ادویات کا خاتمہ ہوگا۔ ادویات کے اصل ماہرین انکی نگرانی کرینگے۔ اور جدید تعلیم یافتہ نوجوان ماہرین کی حقیقی شناحت اور صحیح پہچان اجاگر ہوگی۔

فارماسسٹ فیڈیشن (پاکستان) کے مرکزی قائدین اور تمام صوبائی صدور نے پورے ملک کی فارمیسی برادری کی نمائندگی کرتے ہوئے جناب محمد عابد مجید صوبائی سیکٹری ہیلتھ، جناب شہرام خان ترکئی صوبائی وزیر صحت، جناب پرویز خٹک وزیر اعلیٰ KPK اور جناب اقبال ظفر جھگڑا KPK گورنر کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انکی سوچ اور منصوبہ بندی کی تعریف کی ہے۔ اور صوبے کی عوام کو اس اہم پیش رفت پر مبارکباد پیش کی ہے۔